106493 - گواہی رد ہونے یا محکمہ کو خبر نہ دے سکنے والے کے روزے اور عید کا حکم

سوال

اگر کسی شخص نے چاند دیکھا اور رؤیت ہلال کمیٹی یا محکمہ کو خبر نہ کر سکا، یا اس کی گواہی رد کر دی گئی تو کیا وہ اکیلا روزہ رکھ لے، اور اسی طرح عید الفطر میں کیا روزہ نہ رکھے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بعض اہل علم کہتے ہيں کہ وہ اکیلا ہی روزہ رکھ لے، لیکن صحیح یہی ہے کہ اس کے لیے اکیلے روزہ رکھنا جائز نہيں، اور نہ ہی وہ اکیلا عید کر سکتا ہے، بلکہ اسے چاہیے کہ وہ لوگوں کے ساتھ ہی روزہ رکھے اور لوگوں کے ساتھ ہی عید منائے.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" روزہ اس دن ہے جس دن تم روزہ رکھو، اور عید الفطر اس دن ہے جس دن تم عید الفطر مناؤ "

لیکن اگر وہ صحراء میں ہو اور اس کے پاس کوئی اور نہيں تو وہ اپنی رؤیت پر عمل کرتے ہوئے روزہ رکھے اور عید منائے " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ.